بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Federal Shariat Court

Islamabad 17.10.2022

پریس و میڈیا ریلیز

محترم جناب جسٹس محمد نور مسکانزئی صاحب، سابق چیف جسٹس، وفاقی شرعی عدالت پاکستان کی شہادت پر وفاقی شرعی عدالت پاکستان میں آج مورخہ ۱۷ اکتوبر ۲۰۲۲ کو قرآن خوانی ہوئی۔ دعائیہ تقریب سے وفاقی شرعی عدالت کے چیف جسٹس جناب جسٹس ڈاکٹر سید محمد انور صاحب نے مختصر خطاب کیا انہوں نے فرمایا کہ شہید چیف جسٹس صاحب اعلیٰ اخلاق کے مالک تھے تہجد گزار اور دینی اقدار کی سختی سے پابندی کرنے والے تھے۔ شہادت کی اس طرح کے مواقع خال خال لوگوں کو نصیب ہوتے ہیں۔ تقریب میں چیف جسٹس صاحب کے علاوہ جناب جسٹس خادم حسین ایم شیخ، جج وفاقی شرعی عدالت اور جناب جسٹس جمال مندوخیل جج سپریم کورٹ آف پاکستان، جناب جسٹس افتخار محمد چوہدری، سابق چیف جسٹس آف پاکستان، جناب جسٹس محسن اختر کیانی اور جناب جسٹس طارق محمود جہانگیری ججز اسلام آباد ہائی کورٹ اور جناب سراج الحق امیر جماعت اسلامی نے بھی شرکت کی۔

جناب شہید جسٹس محمد نور مسکانزئی کے سوگ میں وفاقی شرعی عدالت کے پرنسپل سیٹ اور تمام بینچ و برانچ رجسٹریز میں تین روز سوگ اور قومی پرچم سرنگوں رہے گا۔

ڈاکٹر محمد مطیع الرحمٰن

سینئر ایڈوائزر

وفاقی شرعی عدالت، اسلام آباد۔

051-9203443